رئیس الجامعہ کی دورہ برطانیہ پر روانگی

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی، امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع جہلم مورخہ 10 دسمبر بروز بدھ مرکزی جمعیت اہلحدیث برطانیہ کے امیر مولانا عبدالہادی العمری صاحب اور ناظم اعلیٰ مولانا محمد شعیب صاحب میرپوری کی خصوصی دعوت پر انگلینڈ روانہ ہوگئے۔ وہاں پر آپ نے

مورخہ 19 دسمبر 2003ء جامع مسجد التوحید اہلحدیث (ڈاکٹر صہیب حسن صاحب والی مسجد)

مورخہ 26 دسمبر 2003ء جامع مسجد الھدیٰ اہلحدیث بریڈفورڈ (مولانا حافظ اخلاق احمد صاحب والی مسجد)

مورخہ 2 جنوری 2004ء جامع مسجد اہلحدیث رادرھم اور

مورخہ 9 جنوری 2004ء جامع مسجد مکی اہلحدیث مانچسٹر (پروفیسر حمود الرحمٰن صاحب والی مسجد)

میں خطبات جمعۃ المبارک کے عظیم الشان اجتماعات سے خطاب فرمایا۔ مزید برآں اس تبلیغی دورہ کے دوران مورخہ 16 جنوری 2004ء مرکزی جامع مسجد اہلحدیث گرین لین برمنگھم اور مورخہ 23 جنوری 2004ء جامع مسجد الفاروق اہلحدیث گلاسکو میں خطبۂ جمعہ ارشاد فرمائیں گے۔ علاوہ ازیں قرآن و حدیث پر مبنی دروس کا سلسلہ جاری ہے۔ اور کئی ایک دعوتی وتبلیغی پروگراموں میں شرکت فرمائیں گے اور عیدالأضحیٰ سے قبل وطن واپس پہنچ جائیں گے۔ ان شاء اللہ

عیدالأضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم أثریہ و جامعہ أثریہ للبنات میں تعطیلات

عیدالأضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم أثریہ کے شعبہ کتب (قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ) میں مورخہ 29 جنوری (جمعرات) بمطابق 6 ذوالحجہ سے شروع ہوکر مورخہ 13 فروری بمطابق 21 ذوالحجہ (جمعہ) کی شام تک رہیں گی۔ جبکہ شعبہ حفظ میں مورخہ 29 جنوری (جمعرات) بمطابق 6 ذوالحجہ سے شروع ہوکر مورخہ 6 فروری بمطابق 14 ذوالحجہ (جمعہ) کی شام تک رہیں گی۔

جامعہ أثریہ للبنات میں تمام شعبہ جات میں مورخہ 29 جنوری (جمعرات) بمطابق 6 ذوالحجہ سے شروع ہوکر مورخہ 13 فروری بمطابق 21 ذوالحجہ (جمعہ) کی شام تک رہیں گی۔

فضیلۃ الشیخ محمد کلفوت سالم الراشدی حفظہ اللہ الدوحۃ، دولۃ قطر کی جامعہ میں تشریف آوری

مورخہ 2 جنوری 2004ء بروز جمعۃ المبارک فضیلۃ الشیخ محمد کلفوت سالم الراشدی حفظہ اللہ الدوحۃ، دولۃ قطر سے تین روزہ دورہ پر جامعہ علوم اُثریہ جہلم میں تشریف لائے۔ اس دوران انہوں نے جامعہ کی کلاسوں لائبریری اور رہائشی کمروں کا دورہ کیا۔ جامع مسجد اہلحدیث ڈھوک صوبیدار (جہلم) اور مختلف مساجد اہلحدیث کا دورہ کر کے مورخہ 5 جنوری 2004ء بروز سوموار واپس تشریف لے گئے۔

فضیلۃ الشیخ سعید محمد احمد حفظہ اللہ راس الخیمہ الامارات العربیۃ المتحدہ کی وفد کے ہمراہ جامعہ میں آمد

مورخہ 6 جنوری بروز منگل فضیلۃ الشیخ سعید محمد احمد حفظہ اللہ راس الخیمہ الامارات العربیۃ المتحدہ وفد کے ہمراہ جامعہ میں تشریف لائے۔ شیخ موصوف نے وفد کے ہمراہ جامعہ کی کلاسوں، لائبریری اور رہائشی کمروں کا دورہ کیا۔ بعد ازاں نئی تعمیر شدہ جامع مسجد اہلحدیث گوجرانوالہ دیکھنے کیلئے روانہ ہو گئے۔

دعائے صحت

شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ مولانا محمد اکرم جمیل صاحب کے ماموں زاد بھائی اور مولانا حبیب الرحمٰن یزدانی مرحوم کے چھوٹے بھائی جناب مشتاق احمد یزدانی صاحب عرصہ سے شدید بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

وفیات

شہزادہ طلال بن عبدالعزیز کا سانحۂ ارتحال

گزشتہ دنوں خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز حفظہ اللہ کے بھائی طلال بن عبدالعزیز جو ایک ممتاز تاجر اور جریدہ (نواصل) کے مدیر اعلیٰ تھے۔ الجزائر کے صحرا میں شکار کھیلتے ہوئے شرپسندوں کے حملہ سے دوسرے چند ساتھیوں سمیت جاں بحق ہو گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ خصوصی انتظامات کے ذریعے مرحوم کی میت سعودی عرب لائی گئی اور نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو